Mohi-ud-Din Journal of Islamic Studies (MJIS)
ISSN 3007-3820 (Print) | 3007-3812 (Online)
(July-December) 2024, 2: 2 (1-24)

محی الدین جرنل آف اسلامک اسٹڈیز
(جولائی–دسمبر ۲۰۲۴ء) ۲:۲

اجتہاد بالمقاصد کی عصری معنویت: تحدیات اور امکانات کا تجزیہ

Contemporary Relevance of Ijtihād bil-Maqāṣid: An Analysis of Challenges and Opportunities

Dr. Muhammad Riaz Mahmood [a] & Riasat Khan[b]

[a] Associate Professor, Department of Islamic Thought, History and Culture, Allama Iqbal Open University, Islamabad, Pakistan

[b] International Qur'ān Institute, Bharia Phase-II, Islamabad, Pakistan.

Corresponding author Email: riaz.mahmood@aiou.edu.pk

How to cite: Dr. Muhammad Riaz Mahmood & Riasat Khan" Promotion of Ijtihad bil-Maqāṣid in Current Era: A Review of its Limitations and Possiblities," *Mohi-ud-Journal of Islamic Studies* 2, no. 2 (2024): 1-24.

ABSTRACT:
This paper aims to analyze the scholarly tradition of *Ijtihād bil-Maqāṣid* among Muslims identifying the challenges that hinder the promotion of this tradition in the modern era developing of this specific approach to *Ijtihād*. The paper employs a qualitative research methodology, focusing on *Ijtihād bil-Maqāṣid*, which involves deriving rulings directly in light of the objectives of Shari'ah. Instead of focusing on texts and traditional precedents, this approach seeks to achieve the intended objectives of the Lawgiver. This method emphasizes considering the temporal, regional, cultural, social, and historical contexts in which Islamic law was revealed. In the rapidly changing world, Muslims are facing many new challenges across various spheres of life due to inventions, discoveries, technological advancements, including interaction with non-Muslims, women in Muslim societies, cultural globalization, the use of artificial intelligence, global warming, waste management and organ transplantation. To find solutions to these issues, direct guidance from *Ijtihād bil-Maqāṣid* is essential. For that, it is necessary to establish a stable and coherent system through serious consultation and collaboration among legislative bodies, the judiciary, universities, religious seminaries, fiqh academies, Shariah courts, and fatwa institutions

Keywords: *Ijtihād bil-Maqāṣid*, Islamic Law and relevant Institutions, Challenges, Remedies, Applications

Mention in the table a brief sketch of Second author's Contribution:- (Maximum two Authors allowed only)
First Author and Second author developed this article together. Contents, order of the paper, the acquisition of references, the conclusions, both contributed mutually.

C

All Contents of this publication is copyrighted and property of *Mohi-ud-Din Journal of Islamic Studies*, and restricted to commercial use. It allows Research uses only, provided that original author(s) and sources should be credited with a proper academic referencing.

1۔ موضوع تحقیق کی ضرورت، اہمیت اور پس منظر

اجتہاد وہ کوشش ہے جو کسی نئے پیش آمدہ معاملے میں امر شرعی کے بارے میں رائے قائم کرنے کے لیے کی جاتی ہے۔ حالات و زمانہ کی تبدیلی کے پیشِ نظر انسانوں کو آئے روز نت نئے مسائل کا سامنا ہے۔ اِن مسائل کا اجتہادی بصیرت کے ساتھ حل تلاش کرنا نہایت ضروری ہے۔ مسائل کی نوعیت کے اعتبار سے اجتہاد کی دو اقسام ہیں، اجتہاد بالقیاس اور اجتہاد بالمقاصد۔ اجتہاد بالمقاصد کے تحت شریعت کی حکمتوں اور غایتوں کو سامنے رکھتے ہوئے براہِ راست اخذ و استنباط کیا جاتا ہے۔ اس میں متون اور روایتی نظائر کے بجائے شارع کے مطلوبہ اہداف و مقاصد کے حصول کی کوشش کی جاتی ہے۔ یہ وہ مخصوص اجتہادی اسلوب ہے جس میں شریعتِ اسلامیہ کے نزول کے زمانی، علاقائی، ثقافتی، سماجی اور تاریخی پہلوؤں پر غور و خوض کیا جاتا ہے۔[1] بلاشبہ شرعی احکام کے کثیر جہتی مقاصد، مصالح، فوائد اور اہداف ہوتے ہیں۔ نئے سامنے آنے والے مسائل کو حل کرنے کے لیے شریعت کے ان مقاصد کو سامنے رکھ کر فیصلہ کرنا اجتہاد بالمقاصد ہے۔ اجتہاد بالمقاصد اور اجتہاد بالقیاس کے طریقہ ہائے فکر و عمل میں اختلاف ہے۔ اجتہاد بالقیاس کی نتیجہ خیزی اور عمل داری کا انحصار اُس کے ارکان یعنی اصل، فرع، علت اور حکم کی نئے پیش آمدہ معاملے کے ساتھ یکسانیت و مماثلت پر ہے۔ اس کے برعکس اجتہاد بالمقاصد میں شریعت کے مقاصد سے براہِ راست استنباط کیا جاتا ہے۔ مقاصدِ شریعت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے فقہی مسائل میں اجتہاد کرنا اجتہاد بالمقاصد کہلاتا ہے۔ مسلمانوں کی علمی و فقہی روایت میں اجتہاد بالمقاصد سے استفادہ بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ انسانی مسائل کو حل کرنے کے لیے اولیاتِ عمر[2]، استحسان[3] اور مصالح مرسلہ[4] مسلمانوں کے وہ فقہی کارنامے ہیں جن میں شارع کے مقاصد سے براہ راست اخذ و استفادہ کی شہادت ملتی ہے۔

ایجادات، دریافتوں، ٹیکنالوجی کی تیز رفتار ترقی، قدرتی آفات اور ماحولیاتی مسائل کی وجہ سے زمانہ بڑی تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے۔ اس صورت حال میں مسلمانوں کو مختلف شعبہ ہائے حیات میں بہت سے نئے مسائل کا سامنا ہے۔ غیر مسلموں کے ساتھ تعامل، مسلم معاشروں میں خواتین کے سیاسی و سماجی کردار، تہذیبی عالمگیریت، انشورنس، انسانی و حیوانی اور میکانی فضلات سے بچاؤ اور ان کو دوبارہ قابل استعمال بنانے، انسانی آبادی اور خاندانوں

---

[1]۔ ابن القيم، اعلام الموقعين (الدمام السعودية: دار ابن الجوزى، 1991ء)، 3:20-11۔

[2]۔ اس سے مراد حضرت عمر بن الخطابؓ کے وہ فیصلے ہیں جو قرآن و سنت کی روشنی میں نئے مسائل کے حل کے لیے کیے گئے۔

[3]۔ یہ فقہ اسلامی میں ایک اصول ہے جس کے تحت کسی مسئلے میں عمومی قاعدے کی بجائے اس سے بہتر اور زیادہ مناسب حل کو اختیار کیا جاتا ہے۔

[4]۔ اس سے مراد یہ ہے کہ جب کسی معاملے میں کوئی نئی دلیل یا حکم نہ ملے، تو پہلے سے موجود حکم یا حالت کو برقرار رکھا جائے۔

کی منصوبہ بندی، مصنوعی ذہانت کے استعمال، موسمیاتی تبدیلی، گلوبل وارمنگ اور اعضاء کی پیوند کاری ایسے مسائل ہیں جن کے حل کی تلاش کے لیے مقاصد شریعت سے براہِ راست رہنمائی بہت ضروری ہے۔ بعض اوقات ایسی صورتحال کا سامنا کرنا پڑتا ہے جب اجتہاد بالقیاس کی شرائط کو پیش نظر رکھتے ہوئے مسائل کا حل تلاش کرنے میں دقت پیش آتی ہے۔ایسی صورت حال میں شریعت کے مقاصد اور اس کی حکمتوں سے براہ راست استفادہ نسبتاً زیادہ مفید و مؤثر ہے۔ اس مخصوص نوعیت کے اجتہاد کو فروغ دینے کے لیے ضروری ہے کہ انفرادی و اجتماعی سطح پر سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جائے۔ اس حوالے سے ضروری ہے کہ مقاصد شریعت سے متعلق مباحث کے ارتقا کا جائزہ لیا جائے۔ نیز اس ضمن میں حالیہ پیش رفت سے بھی استفادہ کیا جائے۔اجتہاد بالمقاصد کی ترویج وترقی کا تقاضا ہے کہ قانون ساز اداروں، عدلیہ، جامعات، دینی مدارس، فقہی اکیڈمیوں، شریعت کورٹس اور دار الافتاء سے وابستہ ذمہ داران اور اہلِ علم ودانش کے درمیان سنجیدہ مشاورت اور اشتراکِ عمل کے نتیجے میں ایک مستحکم و مربوط نظام وضع کیا جائے۔اسی علمی و فکری ضرورت کی تکمیل کے پیشِ نظر اس مضمون میں اجتہاد بالمقاصد کی روایت کا جائزہ لیا گیا ہے نیز اس طرزِ اجتہاد کی راہ میں حائل تحدیات کی نشان دہی کی گئی ہے۔اس ضمن میں ان امکانات پر بھی غور کیا گیا ہے جن کے نتیجے میں عصر حاضر میں اجتہاد بالمقاصد سے استفادہ کی روایت کو مستحکم کیا جاسکتا ہے۔

مضمون کو پانچ اجزاء میں تقسیم کیا گیا ہے۔پہلے جزو میں موضوع تحقیق کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔اس ضمن میں موضوع کی اہمیت اور پس منظر کو واضح کیا گیا ہے۔دوسرا جزو مسلمانوں میں اجتہاد بالمقاصد کی روایت کے جائزے پر مشتمل ہے۔اس ضمن میں اجتہاد کا مفہوم اور اس کی شرعی حیثیت، اجتہاد بالمقاصد کی ضرورت واہمیت اور حکمت وغایت، اس کی مختلف اقسام، اجتہاد بالقیاس اور اجتہاد بالمقاصد میں فرق سمیت مختلف پہلوؤں پر حاصلات مطالعہ پیش کیے گئے ہیں۔ تیسرے جزو میں ان تحدیات کا جائزہ لیا گیا ہے جو عصر حاضر میں اجتہاد بالمقاصد کے فروغ کی راہ میں حائل ہیں۔چوتھے جزو میں ایسے اقدامات تجویز کیے گئے ہیں جن کی مدد سے اجتہاد بالمقاصد کی ترویج ہو سکتی ہے۔پانچواں جزو خلاصۂ بحث پر مشتمل ہے۔

2۔اجتہاد بالمقاصد کی روایت

فکر اسلامی میں اجتہاد کی افادیت کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اس کے مفہوم، تاریخی پس منظر، شرعی حیثیت اور اس کی ضرورت واہمیت کا جائزہ لیں۔ اجتہاد اسلامی قانون سازی کا ایک اہم حصہ ہے اور اس کی بنیاد قرآن، سنت، اجماع اور قیاس پر ہے۔اجتہاد لغوی طور پر "کوشش" یا "جدوجہد" کے معنٰی میں آتا ہے۔[5] فقہی

[5]۔ ابن منظور،لسان العرب (بیروت:دارالکتب العلمیہ،1414ھ)،3: 129۔

اصطلاح میں اجتہاد سے مراد کسی مجتہد کی وہ علمی و فکری کوشش ہے جس کی مدد سے قرآن و سنت کی روشنی میں کسی نئے مسئلے کا حل تلاش کیا جاسکے۔

اجتہاد کی بنیاد قرآن مجید کی متعدد آیات سے واضح ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا﴾[6]

"اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور ان کی جو تم میں سے حکومت والے ہیں۔ پھر اگر کسی بات میں تمہارا اختلاف ہو جائے تو اگر اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہو تو اس بات کو اللہ اور رسول کی بارگاہ میں پیش کرو۔ یہ بہتر ہے اور اس کا انجام سب سے اچھا ہے۔"

قرآن حکیم سے رہنمائی حاصل ہوتی ہے کہ جب کوئی مسئلہ پیدا ہو تو اہل علم و دانش کی طرف رجوع کیا جائے۔ سورۃ النحل میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿فَسْـَٔلُوْۤا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾[7]

(اگر تم نہیں جانتے تو علم والوں سے پوچھو)

یہ آیت اجتہاد کی طرف رہنمائی کرتی ہے کہ جب کوئی مسئلہ براہ راست قرآن و سنت میں نہ ملے، تو علماء سے مشورہ کیا جائے۔ نبی اکرم ﷺ نے اجتہاد کی اہمیت کو واضح فرمایا اور اس کی ترغیب دی۔ حضرت معاذ بن جبلؓ کو جب نبی اکرم ﷺ نے یمن کا گورنر مقرر فرمایا تو ان سے سوال کیا کہ آپ کس طرح فیصلہ کریں گے۔ حضرت معاذؓ نے جواب دیا کہ میں قرآن سے فیصلہ کروں گا، اگر قرآن میں نہ ملا تو سنت رسول سے اور اگر وہاں بھی نہ ملا تو میں اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کا شکر ہے جس نے رسول کے قاصد کو وہ چیز عطا کی جو رسول کو پسند ہے۔[8] نبی کریم ﷺ نے اجتہاد کے فضائل کو واضح کرتے ہوئے فرمایا کہ جب کوئی حاکم اجتہاد کرتا ہے اور درست نتیجے پر پہنچتا ہے، تو اسے دو اجر ملتے ہیں، اور اگر وہ اجتہاد کرتا ہے اور غلطی کرتا ہے، تو اسے ایک اجر ملتا ہے۔[9] اس سے اجتہاد کی فضیلت و اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے کہ اجتہاد کرنے والا چاہے درست ہو یا غلط، اجر کا مستحق ہوتا

[6]- القرآن 4 :59 ۔

[7]- القرآن 16: 43۔

[8]- ابی داؤد، سنن ، کتاب الأقضية (بیروت:دار الفکر، 1997ء)

[9]- مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب العلم، ح: 1716 (بیروت:دار احیاء التراث العربی، 2001 ء)، 2 :123

ہے۔اجتہاد کی حیثیت اجماع امت سے بھی واضح ہے۔ امام ابو حنیفہؒ نے اجتہاد کو اسلامی فقہ میں ایک بنیادی اصول کے طور پر تسلیم کیا ہے۔ ان کے نزدیک اجتہاد اسلامی شریعت کے اصول وضوابط کو نئے حالات پر منطبق کرنے کا ذریعہ ہے۔ان کا قول ملاحظہ ہو:

((نأخذ بكتاب الله فما لم نجد فبسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم، فإن لم نجد في كتاب الله ولا في سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم أخذنا بقول أصحابه، فإن اختلفوا في الأمر أخذنا بقول من شئنا منهم، ونترك قول من شئنا منهم، ولا نخرج من قولهم إلى قول غيرهم، فإذا انتهى الأمر إلى إبراهيم والشعبي والحسن وابن سيرين فإنا نجتهد كما اجتهدو))[10]

(ہم قرآن مجید سے حکم لیتے ہیں، اگر وہاں نہ ملے تو رسول اللہ ﷺ کی سنت سے، اور اگر وہاں بھی نہ ملے تو صحابہ کے قول سے، پھر اگر صحابہ کے اقوال میں اختلاف ہو تو ہم کسی ایک کو اختیار کر لیتے ہیں اور باقیوں کو چھوڑ دیتے ہیں، اور ان کے اقوال سے آگے نہیں بڑھتے۔ جب بات صحابہ سے بعد کے لوگوں جیسے ابراہیم، شعبی، حسن اور ابن سیرین تک پہنچتی ہے، تو ہم بھی ویسے ہی اجتہاد کرتے ہیں جیسے انہوں نے کیا تھا۔ یہ قول امام ابو حنیفہؒ کے اس نظریہ کی عکاسی کرتا ہے کہ جب قرآن، سنت اور صحابہ کے اقوال میں کسی مسئلے کا حل نہ ملے، تو اجتہاد کرنا ضروری ہے)۔

امام شافعیؒ نے اپنی کتاب "الرسالہ" میں اجتہاد کی اہمیت پر تفصیلی بحث کی ہے۔ انہوں نے اجتہاد کو اسلامی قانون کے ایک اہم عنصر کے طور پر پیش کیا ہے۔ان کا قول ہے:

(وكل من تلقى عنه ليس له إلا أن يقيس أمثال ما نزل به مما لم ينزل) "[11]

(اور جو اس اجتہاد سے علم حاصل کرتا ہے، اس کے لیے اس کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں کہ وہ اسے قرآن و سنت پر قیاس کرے، جو اس کے سامنے آیا اس پر قیاس کرے جو ابھی تک سامنے نہیں آیا۔)

یہ قول امام شافعیؒ کے اس نظریہ کی عکاسی کرتا ہے کہ اجتہاد کو شریعت میں ان امور کے لئے استعمال کیا جانا چاہیے جو قرآن و سنت میں براہ راست مذکور نہیں ہیں۔ اجتہاد بالمقاصد ایک ایسا طریقہ ہے جو شریعت کے عمومی مقاصد کو مد نظر رکھتے ہوئے احکام و قوانین کی تشریح کرتا ہے۔ اس اجتہاد کے ذریعے فقہاء ایسے نئے مسائل کا حل تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں جن کا نصوص میں واضح ذکر نہیں ہوتا۔اسلامی فقہ کی تاریخ میں اجتہاد کا تصور ہمیشہ موجود رہا ہے۔[12] اجتہاد بنیادی طور پر قرآن وسنت کی نصوص کی بنیاد پر کیا جاتا تھا۔ جب کوئی نیا مسئلہ پیش آتا تو فقہاء قیاس، استحسان، مصالح مرسلہ اور دیگر اصولوں کو بروئے کار لاتے۔ لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اسلامی دنیا کو

---

[10]۔ الخطيب البغدادي، تاريخ بغداد (بيروت: دار الكتب العلمية،س ن)،13 :368۔

[11]۔ امام شافعی،الرسالة (القاہرة: دار التراث،س ن)،39۔40۔

[12]۔ الشاطبی،الموافقات (بیروت: دار المعارف، 1997ء)، 4 :194-195۔

ایسے نئے مسائل کا سامنا ہوا جن کا براہ راست حل قرآن و سنت میں موجود نہیں تھا۔امام ابو اسحاق الشاطبیؒ اجتہاد بالمقاصد کے نظریے کے اہم پیش رو سمجھے جاتے ہیں۔ اپنی مشہور کتاب "الموافقات" میں آپ نے شریعت کے بنیادی مقاصد کو واضح کیا اور اجتہاد کے عمل میں ان مقاصد کی اہمیت پر زور دیا۔ ان کے مطابق شریعت کا بنیادی مقصد انسانوں کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانا ہے۔اس مقصد کے حصول کے لیے دین، جان، عقل، نسل اور مال کی حفاظت کو بنیادی اصول قرار دیا گیا ہے۔[13] اجتہاد بالمقاصد کا ایک اہم ہدف شریعت کی روشنی میں قانونی مسائل کا حل تلاش کرنا ہے۔ اس مخصوص طرز اجتہاد کی روایت صدیوں پر محیط ہے اور اسے اسلامی قانون کے ارتقا میں ایک اہم مقام حاصل ہے۔ اس روایت کو سمجھنے کے لئے اس کے تاریخی پس منظر، اہم اصولوں اور معاصر حالات میں اس کی اہمیت پر غور کرنا بہت ضروری ہے۔ قرآن مجید میں کئی ایسی آیات ہیں جو مصلحت و مقاصد کی اہمیت کو واضح کرتی ہیں۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ۗ﴾[14]

(اور اسی طرح ہم نے تمہیں بہترین امت بنایا تاکہ تم لوگوں پر گواہ بنو اور یہ رسول تمہارے نگہبان و گواہ ہوں۔)"

اس ارشاد ربانی سے یہ رہنمائی ملتی ہے کہ اعتدال اور انصاف شریعت اسلامیہ کے اہم مقاصد میں شامل ہیں۔ صحابہ کرامؓ کے دور میں اجتہاد بالمقاصد کی عملی مثالیں ملتی ہیں۔ حضرت عمرؓ نے قحط کے دوران چوری کی سزا معاف کر دی تھی کیونکہ آپ بخوبی سمجھتے تھے کہ شریعت کا مقصد لوگوں کی جان بچانا ہے، نہ کہ سزا دینا۔جب مسلمانوں نے ایران فتح کیا تو ایرانیوں کے باغوں اور کھیتوں کو تباہ کرنے کا سوال اٹھا۔ حضرت عمرؓ نے اس معاملے میں اجتہاد کرتے ہوئے فیصلہ کیا کہ باغوں اور کھیتوں کو تباہ نہیں کیا جائے گا کیونکہ ان سے مسلمانوں کو فائدہ ہو سکتا ہے۔انہوں نے قرآن و سنت کی روشنی میں یہ فیصلہ کیا کہ زمین کو تباہ کرنا مناسب نہیں ہے۔ اسی طرح جب مسلمانوں نے مصر فتح کیا تو وہاں کے لوگوں کو کپاس کی کاشت کرنے کی اجازت دینے کا معاملہ پیش آیا۔ بعض لوگ اس وقت کپاس کی کاشت کو حرام سمجھتے تھے۔ حضرت عثمانؓ نے اس معاملے میں اجتہاد کرتے ہوئے فیصلہ کیا کہ مصر کے حالات کو دیکھتے ہوئے کپاس کی کاشت کی اجازت دی جا سکتی ہے۔امام ابو حنیفہؒ نے بھی اجتہاد بالمقاصد سے استفادہ کیا۔انہوں نے عراق کے سماجی اور اقتصادی حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے فقہی مسائل کا حل تلاش کیا۔ انہوں نے عراق میں تجارت کے نئے طریقوں کے حوالے سے نئے قوانین وضع کیے۔امام مالکؒ نے مدینہ کے سماجی اور اقتصادی حالات کو مد نظر رکھتے

---

[13]۔ مصدر نفسه، 2 : 10-11۔

[14]۔ القرآن 2: 143۔

ہوئے فقہی مسائل کا حل تلاش کیا۔ انہوں نے مدینہ میں قحط سالی کے دوران زکوٰۃ کی تقسیم کے قوانین میں نرمی برتی، آپ نے تو واضح طور پر "مصالح مرسلہ" کا اصول بیان کیا، جس کے مطابق ایسی نئی مصلحتوں کو قبول کیا جاسکتا ہے جو شریعت کے مقاصد کے مطابق ہوں۔ امام شافعیؒ نے اجتہاد کے ذریعے قضا کے مسائل کو حل کیا اور اسلامی عدالتوں کے نظام کو مستحکم کیا۔ انہوں نے شہادت کے قواعد کو وضع کیا اور عدالتوں میں گواہوں کی تعداد اور ان کی شرائط کو متعین کیا۔ مختلف فقہی مذاہب میں اجتہاد بالمقاصد کا استعمال مختلف انداز میں کیا گیا۔ امام شاطبیؒ نے شریعت کے پانچ بنیادی مقاصد کا تعین کیا جو کہ حفظ دین، حفظ نفس، حفظ نسل، حفظ عقل اور حفظ مال ہیں۔ اجتہاد بالمقاصد میں نصوص اور مقاصد کے درمیان تعلق کو سمجھنا ضروری ہے۔ اگر کوئی مسئلہ براہ راست نصوص سے حل نہ ہو رہا ہو تو فقہاء مقاصد الشریعہ کو سامنے رکھ کر اجتہاد کرتے ہیں۔ وہ مصلحت[15]، سد ذرائع[16] اور استحسان کو بنیادی اہمیت دیتے ہیں ۔اگر کوئی مسئلہ مصلحت کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے اور شریعت کے مقاصد کے مطابق ہے تو اسے قبول کرتے ہیں، چاہے اس مسئلے کے متعلق کوئی واضح نص نہ ہو اور ایسے امور یا اعمال کو روک دیتے ہیں جو شرعی مقاصد کے خلاف ہوں یا کسی حرام کام کی طرف لے جانے کا سبب بنیں۔ وہ استحسان کے تحت کسی مسئلے میں عمومی قاعدے سے ہٹ کر مصلحت کے پیش نظر کوئی حکم دیتے ہیں۔

عصر حاضر میں مسلمانوں کو ایسے نئے مسائل کا سامنا ہے جو ماضی میں فقہی ابحاث کا موضوع نہیں بنے تھے۔ ان مسائل کا حل تلاش کرنے کے لیے شیخ محمد الطاہر ابن عاشور، شیخ یوسف القرضاوی، شیخ عبداللہ بن بیہ، راشد الغنوشی، شیخ علی جمعہ، طارق رمضان اور دیگر علماء نے اجتہاد بالمقاصد کے اصولوں کو جدید مسائل کے حل کے لئے استعمال کیا۔ ان علماء نے مختلف فقہی مسائل جیسے کہ جدید بینکنگ، ویکسینیشن اور نامیاتی ادویات کے متعلق اجتہاد بالمقاصد کی روشنی میں فتاویٰ جاری کیے اور معاصر مسائل کا حل تلاش کیا ۔ معاشرتی انصاف، ماحولیات کی حفاظت، جدید مالیاتی نظاموں کے مسائل اور جدید بینکاری کے نظام میں بہت سے مسائل ایسے ہیں جن کا براہ راست ذکر قرآن وسنت میں نہیں ملتا۔ ان علماء نے سود سے پاک بینکاری نظام کی تشکیل میں اجتہاد بالمقاصد کا استعمال کیا تاکہ شریعت کے اصولوں کے مطابق حل تلاش کیا جا سکے۔[17] جدید میڈیکل سائنس میں جین تھراپی، آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور عضو کی پیوند کاری جیسے مسائل سامنے آتے ہیں۔ ان مسائل کے حل کے لیے اجتہاد بالمقاصد کا استعمال

---

[15]۔ اس سے مراد وہ عوامل ہیں جو انسانوں کے مفاد اور بہتری کے لیے ہوں۔

[16]۔ یہ ایک فقہی اصول ہے جس کے تحت ان اعمال کو روکا جاتا ہے جو براہ راست حرام نہیں ہوتے، لیکن وہ کسی حرام یا نقصان دہ چیز کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔

[17]۔ يوسف القرضاوي، فقه الزكاة (بيروت :مؤسسة الرسالة، 1973 ء)، 1: 67-70۔

کیا گیا تاکہ جان، عقل اور صحت کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔[18] صنعتی ترقی اور جدید ٹیکنالوجی نے ماحولیات پر بہت سے منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔ بہت سے علماء نے اجتہاد بالمقاصد کے ذریعے ماحول کی حفاظت اور انسانیت کی فلاح کے لیے حل تلاش کیے۔[19] اجتہاد بالمقاصد کی اہمیت اس امر سے واضح ہوتی ہے کہ یہ اسلامی قانون کو ایک زندہ اور متحرک نظام بناتا ہے۔ یہ طرز فکر وقت کی تبدیلی کے ساتھ پیدا ہونے والے مسائل کا شرعی حل فراہم کرتا ہے۔[20] یہ اجتہادی نظریہ شریعت کے بنیادی مقاصد کی حفاظت کرتا ہے تاکہ ہر نئے مسئلے کا حل ان مقاصد کے مطابق ہو۔[21] نیز اسلامی تعلیمات کو جدید دنیا کے مسائل کے مطابق پیش کرتا ہے جس سے اسلام کی عالمی سطح پر قبولیت میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔[22]

اجتہاد بالمقاصد کی عمومی طور پر پانچ اقسام ہیں۔[23] اجتہاد فی تحقیق المناط میں فقہاء کسی مخصوص مسئلے کے لئے شریعت کے عمومی مقاصد کا تعین کرتے ہیں۔ یعنی یہ جانچتے ہیں کہ کسی خاص معاملے میں شریعت کا کیا مقصد ہو سکتا ہے۔[24] اجتہاد فی تخریج المناط میں فقہاء مختلف نصوص کا جائزہ لیتے ہیں اور ان سے مشترکہ مقاصد نکالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس کا مقصد نصوص کے درمیان ربط پیدا کرنا ہے تاکہ نئے مسائل پر اجتہاد کیا جا سکے۔[25] اجتہاد فی تنقیح المناط میں فقہاء کسی خاص حکم کے پیچھے چھپے ہوئے مقصد کو وضاحت کے ساتھ بیان کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ یعنی کسی خاص حکم کے لئے صرف بنیادی اور ضروری مقصد کا تعین کرتے ہیں۔[26] اجتہاد فی تطبیق المقاصد علی الواقع میں فقہاء شریعت کے مقاصد کو موجودہ حالات پر لاگو کرتے ہیں۔ اس میں جدید مسائل کا حل شریعت کے بنیادی مقاصد کی روشنی میں تلاش کیا جاتا ہے۔[27] اجتہاد فی تقدیم المصلحۃ کی ضرورت اس وقت پیش آتی ہے جب مختلف مقاصد میں تضاد پیدا ہو جائے اور کسی ایک مقصد کو ترجیح دینا ضروری ہو۔ فقہاء شریعت کی روح اور مقصد کی

---

[18]۔ ابن عاشور، مقاصد الشریعه الاسلامیه (تیونس :دار ابن سحنون، 1984 ء)، 156-160۔

[19]۔ راشدالغنوشی، المقاصد في الفقه الإسلامی (بیروت:دار النور،1995 ء)، 45-48۔

[20]۔ الشاطبی، الموافقات، 2 : 12۔

[21]۔ ابن عاشور، مقاصد الشریعه الاسلامیه، 162-164۔

[22]۔ الغنوشی، المقاصد في الفقه الإسلامی، 52-55۔

[23]۔ عرفان خالد ڈھلوں، اسلام کا نظریۂ اجتہاد (اسلام آباد: شریعہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، 2002ء)، 55-1

[24]۔ ابن القیم، اعلام الموقعین، 1: 208۔

[25]۔ الشاطبی، الموافقات، 2 : 7-9۔

[26]۔ ابو حامد بن محمد الغزالی ، المستصفی من علم الاصول (کراچی:ادارة القرآن ،والعلوم الاسلامیه، 1987ء)، 1 : 286۔

[27]۔ الشاطبی، الموافقات، 3 : 21۔

روشنی میں ترجیح کا تعین کرتے ہیں۔[28] اجتہاد بالمقاصد ایک لچکدار اور وسیع اصول ہے جس کی مدد سے فقہاء نئے اور پیچیدہ مسائل کا حل تلاش کرتے ہیں۔ اس اصول کی بنیاد پر شریعت کے عمومی مقاصد کو مد نظر رکھ کر احکام میں تبدیلیاں کی جاسکتی ہیں۔اس فقہی تحرک کا مقصد یہ ہے کہ شرعی احکام کو مقاصد شریعت یعنی دین کے بنیادی مقاصد کے مطابق سمجھا اور نافذ کیا جائے۔ شریعت اسلامیہ کے یہ مقاصد اسلامی قانون کے اصول ہیں جو انسانی زندگی کی بنیادی ضروریات اور بھلائی کے تحفظ پر مبنی ہیں۔ اجتہاد بالمقاصد کا یہ تصور شریعت کی جامعیت کو یقینی بناتا ہے۔ چونکہ قرآن وسنت میں بیان کردہ احکام ایک مخصوص وقت اور ماحول میں نازل ہوئے، اجتہاد بالمقاصد ان احکام کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق سمجھنے اور لاگو کرنے کا ایک ذریعہ فراہم کرتا ہے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ﴾[29]

(ہم نے اس کتاب میں کسی شے کی کوئی کمی نہیں چھوڑی۔)"

اجتہاد بالمقاصد کا بنیادی مقصد انسانی مصالح کی حفاظت کرنا ہے۔ یہ اصول اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ شرعی احکام کو ایسے انداز میں نافذ کیا جائے جو انسانوں کے لئے فلاح وبہبود کا ذریعہ بنے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ))[30]

(نہ نقصان دینا جائز ہے نہ نقصان برداشت کرنا)

یہ طرز اجتہاد شریعت کی فطری اور انسانی حیثیت کو اجاگر کرتا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ اسلامی قانون انسان کی فطرت اور ضرورت کے مطابق ہو۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ﴾[31]

(اللہ تعالیٰ تمہارے لیے آسانی کا ارادہ رکھتا ہے اور وہ تمہارے لیے تنگی نہیں چاہتا۔)

اجتہاد کا یہ طریقہ مجتہدین کو اجتہادی غلطیوں سے بچاتا ہے۔ جب شریعت کے مقاصد کو سمجھ کر اجتہاد کیا جاتا ہے تو غلطیوں کا امکان کم ہوجاتا ہے۔امام شاطبی نے اپنی کتاب "الموافقات" میں لکھا ہے:

((مقاصد الشريعة هي الأساس لكل اجتهاد صحيح)) "[32]

(مقاصد شریعت تمام صحیح اجتہادات کی بنیاد ہیں۔)

---

[28]- امام عز الدین بن عبدالسلام، قواعد الاحکام (بیروت:دار الکتب العلمیة، 1997ء)، 1 :8۔

[29]- القران 6: 38۔

[30]- ابن ماجه،سنن، ح: 2341 (بیروت:دار احیاء الکتب العربیه،س۔ن)، 2 :784۔

[31]- القران 2: 185

[32]- الشاطبی ،الموافقات، 2 : 8۔

یہ اجتہاد شریعت کے عدل اور مساوات کے اصولوں کو فروغ دیتا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ تمام انسانوں کے حقوق کو یکساں طور پر محفوظ رکھا جائے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَ الْاِحْسَانِ﴾[33]

(اللہ عدل اور احسان کا حکم دیتا ہے۔)

اجتہاد بالمقاصد کے اصول کا اطلاق مختلف فقہی مسائل پر ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر جب کوئی نیا مسئلہ درپیش ہوتا ہے جس کا واضح حل قرآن و سنت میں موجود نہیں، تو مجتہدین مقاصد شریعت کو مد نظر رکھ کر اجتہاد کرتے ہیں۔ بعض اوقات معاملات کی شکلیں بدل جاتی ہیں، جیسے کہ معیشت، تجارت اور معاشرتی تعلقات میں تبدیلیاں آتی ہیں۔ اس صورت میں اجتہاد بالمقاصد کے ذریعے اسلامی احکام کو نئے حالات پر لاگو کیا جاتا ہے۔ اجتہاد بالمقاصد اسلامی قانون کا وہ اہم اصول ہے جو شریعت کی حکمتوں اور اس کے مقاصد کو مد نظر رکھتے ہوئے نئے مسائل کے حل کے لیے راستہ فراہم کرتا ہے۔ اس کا مقصد انسانی مصالح کی حفاظت، عدل و انصاف کا قیام اور شریعت کے جامع اور فطری ہونے کو یقینی بنانا ہے۔

3۔ اجتہاد بالمقاصد کی ترویج میں عصری تحدیات

عصرِ حاضر میں اجتہاد بالمقاصد کو ترویج دینے کے لیے جن چیلنجز کا سامنا ہے، ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

i. عالمگیریت اور ثقافتی تغیرات

عالمگیریت کی بدولت دنیا مختلف قوموں اور ثقافتوں کا ایک عالمی گاؤں بن چکی ہے۔ اس عمل نے مختلف معاشرتی اقدار اور اخلاقی نظریات کے درمیان ایک تہذیبی تصادم کو جنم دیا ہے، جس کا براہ راست اثر اجتہاد بالمقاصد کے عمل پر ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک معاشرے میں عورتوں کے حقوق، بچوں کی شادی اور سماجی روایات کے بارے میں جو نظریات ہیں ممکن ہے کہ وہ کسی دوسرے معاشرے میں قبول نہ کیے جاتے ہوں۔ اسی طرح مغربی ممالک میں ہم جنس پرستی کو قانونی حیثیت حاصل ہے اور اسے انسانی حقوق کے طور پر پیش کیا جارہا ہے۔ اس کا اثر مسلمان اکثریتی ممالک میں بھی محسوس کیا جارہا ہے۔ اس تہذیبی تنوع کی موجودگی میں اسلامی احکام کو عالمی سطح پر کیسے نافذ کیا جاسکتا ہے، یہ ایک اہم مسئلہ ہے۔ ثقافتوں کے درمیان یہ فرق علماء کے لیے اجتہاد کے دوران نئے اور پیچیدہ چیلنجز پیدا کرتا ہے، کیونکہ انہیں ان مختلف اقدار کے درمیان توازن برقرار رکھنا ہوتا ہے۔[34] ڈاکٹر یوسف القرضاوی نے

---

[33]- القران 16: 90

[34]- Hamid Akees, *Islam and Globalization: New Interactions*, (London: Routledge Publications, 2009), 1 :145-160.

مغربی دنیا میں ہم جنس پرستی کو قانونی حقوق کے طور پر تسلیم کیے جانے کے خلاف فتویٰ جاری کیا۔ انہوں نے اسلامی اصولوں کے مطابق اس عمل کو غیر اخلاقی اور غیر اسلامی قرار دیا۔ تاہم ان کے فتاویٰ کو مغربی میڈیا میں شدید تنقید کا نشانہ بنایا گیا جس کی وجہ سے عالمگیریت اور مغربی ثقافتی اثرات سے متعلق اسلامی دنیا میں ایک بحث کا آغاز ہوا۔ اتحاد عالمی علماء المسلمین ایک ایسا ادارہ ہے جو ان مسائل پر فتویٰ دینے میں پیش پیش رہا ہے اور اس نے کئی دفعہ مغربی دنیا کے دباؤ کا سامنا کیا ہے۔ اس صورت حال کے زیر اثر ان کے فتاویٰ کو عالمی سطح پر متنازعہ قرار دیا جاتا ہے۔

ii. **سائنس و ٹیکنالوجی کا فروغ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کی تیز رفتار ترقی نے اجتہاد کے عمل کو مزید مشکل بنا دیا ہے۔ نئی ایجادات اور ٹیکنالوجی جیسے جینیاتی ترمیم، کلوننگ، مصنوعی ذہانت اور طبی تحقیقات نے وہ مسائل پیدا کیے ہیں جن کے بارے میں نصوصِ شریعت میں واضح ہدایات موجود نہیں ہیں۔ علماء کو ان جدید ٹیکنالوجیز کے استعمال کے بارے میں اجتہاد کرتے وقت نہ صرف شرعی مقاصد کو مد نظر رکھنا ہوتا ہے بلکہ جدید سائنسی معلومات اور اخلاقیات کو بھی سمجھنا ہوتا ہے۔ ایسے حالات میں علماء کو اسلامی اصولوں کی روشنی میں ٹیکنالوجی کے استعمال کے بارے میں اجتہاد کرنے میں مشکلات پیش آتی ہیں۔[35]

iii. **معاشی عدم مساوات**

معاشی عدم مساوات اور غربت کے مسائل اجتہاد کے عمل میں ایک اہم چیلنج ہیں۔ اسلامی شریعت سماجی انصاف کے قیام پر زور دیتی ہے، لیکن جدید دنیا میں بڑھتی ہوئی معاشی ناہمواری نے اس مقصد کو حاصل کرنا مشکل بنا دیا ہے۔ دولت کی غیر منصفانہ تقسیم اور غربت میں اضافہ اجتہاد کے عمل میں پیچیدگی پیدا کرتا ہے، کیونکہ علماء کو ایسے معاشرتی اور اقتصادی مسائل پر اجتہاد کرنا ہوتا ہے جن کے بارے میں شریعت میں عمومی اصول تو موجود ہیں لیکن دور جدید میں معاشی و معاشرتی تفاوت نے انسانوں کو پریشان کر رکھا ہے۔ یہ سماجی عدم یکسانیت اجتہاد بالمقاصد کے فروغ کی راہ میں ایک اہم رکاوٹ ہے۔ معاشی عدم توازن نے اجتہادی فیصلوں کی قبولیت پر بھی منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔

iv. **میڈیا پر غلط معلومات کا پھیلاؤ**

میڈیا کا بڑھتا ہوا اثر اور اس کے ذریعے پھیلائی جانے والی غلط معلومات اجتہاد بالمقاصد کے عمل میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ میڈیا بعض اوقات مذہبی موضوعات کو غیر مستند طریقے سے پیش کرتا ہے، جس

35- Irfan Ahmad, *Contemporary Issues in Islamic Jurisprudence: Challenges and Solutions,* (Islamabad: Islamic Research Institute, 2023), 2 :101-105.

سے عوام کے دینی شعور پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ سوشل میڈیا کے پلیٹ فارمز پر غلط معلومات اور نفرت انگیزی کے ذریعے علماء کے اجتہادی فیصلوں کو متنازعہ بنایا جاتا ہے۔ اس سے اجتہاد کے عمل پر عوامی اعتماد متزلزل ہو جاتا ہے۔[36]

v. **شخصیت پسندی کا بڑھتا ہوا رجحان**

آج کی دنیا میں شخصیت پسندی اور خود مختاری کا تصور بہت زور پکڑ چکا ہے، جس کے نتیجے میں بعض لوگ اپنی مرضی کے مطابق زندگی گزارنے کو ترجیح دیتے ہیں اور اجتماعی اقدار یا دینی اصولوں کو نظرانداز کرتے ہیں۔ اس سے اجتہاد کے عمل پر منفی اثر پڑتا ہے، کیونکہ اجتہاد کے ذریعے کیے جانے والے فیصلے شخصی آزادی اور شریعت کے درمیان توازن قائم کرنے میں مشکل پیدا کرتے ہیں۔ اجتہاد کے فروغ کے لیے ضروری ہے کہ سماج میں اجتماعیت کی ترویج کی جائے۔

vi. **علماء کے درمیان اختلافات**

مختلف فقہی مکاتب فکر کے درمیان اجتہاد کے بارے میں اختلافات بھی ایک بڑا چیلنج ہیں۔ ایک مسئلے پر مختلف علماء مختلف آراء رکھتے ہیں، جس سے اجتہاد کے عمل میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے اور اجماع پیدا کرنا مشکل ہوتا ہے۔ اس کے نتیجے میں عوام کے لیے اجتہادی فیصلوں کو قبول کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔

vii. **سیاسی مداخلت**

اجتہاد کے عمل میں حکمرانوں کی مداخلت بھی ایک بڑی رکاوٹ ہے۔ بعض اوقات حکمران اجتہاد کے عمل کو اپنے سیاسی مفادات کے مطابق استعمال کرتے ہیں اور علماء پر دباؤ ڈالتے ہیں کہ وہ ان کے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے فتاویٰ جاری کریں۔ اس سے اجتہاد کے عمل کی غیر جانبداری اور اس کی اصل روح متاثر ہوتی ہے، اور اجتہاد بالمقاصد کا مقصد، جو کہ شریعت کے مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے مسائل کا حل تلاش کرنا ہے، کمزور ہو جاتا ہے۔[37]

viii. **جدید مسائل کی پیچیدگی**

جدید دور کے مسائل، جیسے سائبر کرائم، بین الاقوامی تجارتی معاملات، اور ماحولیاتی تبدیلی بہت پیچیدہ مسائل ہیں اور ان کا حل تلاش کرنے کے لیے گہرے علمی اور فقہی تجزیے کی ضرورت ہوتی

36- Farah Ali, *Media Influence on Religious Discourse: Challenges and Responsibilities*, (Publisher: Global Islamic Study Press, 2023) ,2 :78-83.

37 Tariq Khan, *Islamic Jurisprudence and Political Influence: Navigating the Challenges of Modernity* (Islamabad: International Islamic University, 2022), 1 :55-60.

